الشیخ جاد الحق علی جاد الحق، الشیخ محمد الغزالی، حکیم محمد سلیم چوہدری

عالم اسلام کی ممتاز علمی شخصیت اور جامعہ ازہر کے سربراہ معالی الدکتور الشیخ جاد الحق علی جاد الحق گزشتہ دنوں انتقال کر گئے، انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم اسلامی دنیا کی محترم دینی شخصیت، متبحر عالم دین اور جامعہ ازہر کی باوقار روایات کے امین تھے۔ الشریعہ نے اکتوبر ۱۹۸۹ء میں اپنے سفر کا آغاز کیا تو اسلامی نظام کے نفاذ کے حوالہ سے راقم الحروف کے چند سوالات کے جواب میں ان کا تحریر فرمودہ مقالہ ہماری جدوجہد کے اس نئے دور کا نقطہ آغاز بنا جو ان کے تبحر علمی اور وسعت نظر کا آئینہ دار ہے۔ ان کی وفات عالم اسلام کے دینی و علمی حلقوں کے لیے ناقابل تلافی نقصان ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائیں اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام سے نوازیں، آمین یا الٰہ العالمین۔

عالم اسلام کی ایک اور ممتاز علمی شخصیت فضیلۃ الشیخ محمد الغزالی بھی گزشتہ دنوں رحلت فرما گئے، انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم اخوان المسلمون کے ابتدائی راہ نماؤں میں سے تھے اور ان کا شمار ممتاز اصحاب قلم اور محققین میں ہوتا تھا، ان کی تصنیفات ومقالات سے اسلامی دنیا ایک عرصہ تک استفادہ کرتی رہے گی۔ اللہ تعالیٰ انہیں جوار رحمت میں جگہ دیں اور اپنی رضا وخوشنودی سے نوازیں، آمین یا الٰہ العالمین۔

گوجرانوالہ کے معروف طبیب اور سماجی راہ نما حکیم محمد سلیم چوہدری گزشتہ روز انتقال کر گئے، انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم ہمارے اچھے دوستوں میں سے تھے۔ ان کا تعلق سیاسی طور پر پیپلز پارٹی سے تھا مگر تحریک ختم نبوت اور دیگر دینی تحریکات میں ہمیشہ دل چسپی لیتے اور سرگرم کردار ادا کرتے رہے۔ طب یونانی کی ترقی اور اطباء کی فلاح و بہبود کے لیے مسلسل سرگرم رہے اور اس مقصد کے لیے پاکستان طبی کانفرنس کی بنیاد رکھی۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائیں اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق سے نوازیں، آمین یا الٰہ العالمین